# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 22 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۲/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ اسمبلی انتخابات کا نوٹِفکیشن آج جاری ہوگا ‘ ریاست بھر میں پرچہ نامزدگی ادخال کا آج سے آغاز ‘ مہایوتی اور مہا وِکاس آگھاڑی نشستوں کی تقسیم ہنوز غیر واضح

☆ پریورتن مہاشکتی ‘ منسے اور وِنچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے مرحلہ وار امیدواروں کا اعلان

☆ ’’ بھارت جوڑو ابھیان‘‘ کے کنو ینر یوگیندر یادو کے اکولہ میں منعقدہ پروگرام میں ہنگامہ آرائی

☆ سیاسی پارٹیوں سے ’’قحط سے پاک مراٹھواڑہ ‘‘ کا تحریری تیقین دینے کا مراٹھواڑہ پانی پریشد کا مطالبہ

اور

☆ بھامراگڑھ تعلقہ میں پولس کے ساتھ ہوئی مدبھیڑ میں5 نکسلائٹس ہلاک

اب خبریں تفصیل سے...

وِدھان سبھا الیکشن کے لیے آج نوٹِفکیشن جاری ہورہا ہے ۔ اِس ضمن میں ریاست بھر میں نامزدگی کی کارروائیاں شروع ہوجائیں گی ۔ آئندہ 29/ تاریخ تک امیدواری عریضے بھرے جاسکیں گے اور 30/ تاریخ کو عرضیوں کی چھان بین ہوگی ۔ 4/ نومبر تک عریضے واپس لیے جاسکیں گے اور اُسی دن تمام حلقوں کی تصویر صاف ہوگی۔ ناندیڑ لوک سبھا حلقہ کے ضمنی انتخاب کے لیے اِسی نظام الاوقات کے مطابق پرچہ نامزدگی کا عمل ہوگا۔

***** ***** *****

ریاست میں288 ر میں سے 25 ر حلقے درج فہرست ذاتوں کے لیے مختص ہیں ۔فہرستِ رائے دہندگان میں اب تک 9 ر کروڑ 63 ر لاکھ سے زیادہ افراد کا اندراج ہو چکا ہے ۔ اِس کے مطابق 5 ر کروڑ مرد اور 4 ر کروڑ 66 ر لاکھ سے زائد خواتین ہیں ۔ تقریباً ایک کروڑ 85 ر لاکھ 20 ر تا 29 ر سال کے درمیان ہیں ۔20 ر لاکھ 93 ر ہزار سے زائد نے پہلی مرتبہ ووٹنگ کے لیے اندراج کیا ہے ۔

کات کری، کولم ، ماریا گونڈ اِن خصوصی آدیواسی جماعتوں کے تمام 2 ر لاکھ 77 ر ہزار افراد کے ناموں کے اندراج کی اطلاع الیکشن کمیشن نے دی ہے۔

ریاست میں اسمبلی انتخابات کے لیے تقریباً ایک لاکھ 186 ر رائے دہی مراکز ہوں گے ۔جن میں 42 ر ہزار 604 ر شہری اور 57 ر ہزار 582 ر دیہی علاقوں میں ہوں گے ۔سب سے زیادہ 8 ر ہزار 417 ر رائے دہی مراکز پونے ضلع میں جبکہ سب سے کم 921 ر مراکز سندھودرگ ضلعے میں ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء الیکشن کے وقت کے بعد ریاست میں صدر راج نافذ ہونے کی بات غیر یقینی ہونے کا سیاسی تجزیہ کاروں نے کہا ہے ۔ موجودہ وِدھان سبھا کی مدت ختم ہونے سے قبل 26 ر نومبر سے پہلے الیکشن کمیشن کی جانب سے الیکشن کا عمل پورا ہو کر نو منتخب شدہ ارکان اسمبلی کی فہرست گورنر کے سپرد کی جائے گی ۔ اُس کے بعد آئین کی دفعہ 164 ر کے مطابق حکومت سازی کے لیے گورنر مدعو کر سکتے ہیں اور اس کے لیے 26 ر نومبر تاریخ حتمی نہیں ہے بلکہ 26 ر نومبر کی مدت صرف الیکشن کے عمل کو مکمل کرنے کی بات سیاسی تجزیہ کاروں نے کہی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں امیدواری عرضی بھرنے کی شروعات آج ہو رہی ہے لیکن مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی کو پارٹیوں کی جانب سے نشستوں کی تقسیم مکمل نہیں ہوئی ہے ۔مہایوتی میں بی جے پی کے 99 ر امیدوار اور راشٹر وادی کانگریس کے کچھ امیدواروں کو چھوڑ کر دیگر امیدوار ظاہر نہیں کیے گئے ہیں۔

دریں اثناء ریاستی کانگریس کمیٹی کے صدر نانا پٹولے نے کہا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی میں کسی بھی طرح کی نا اتفاقی نہیں ہے وہ کل دِلّی میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔نشستوں کی تقسیم کے ضمن میں کانگریس کی 96 /نشستوں کے لیے بات اب تک مکمل ہو چکی ہے اور بقیہ نشستوں پر آج بات ہو گی۔اُس کے بعد امیدوار ظاہر کیے جانے کی اطلاع پٹولے نے دی۔انھوں نے کہا کہ مہاوِکاس آگھاری سے شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے باہر نکلنے کی بات بے بنیاد ہے۔مخالف پارٹیوں کی جانب سے جان بوجھ کر افواہ پھیلائی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

ری پبلیکن پارٹی کے صدر و مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف رامداس آٹھولے نے اپنے وفد کے ساتھ بی جے پی لیڈر و نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ممبئی میں ملاقات کی ۔اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر ری پبلیکن پارٹی کے لیے کچھ نشستیں دینے کے لیے بات چیت ہونے کی اطلاع آٹھولے نے دی ۔اِس ضمن میں مہایوتی کی تین بڑی پارٹیوں سے بات چیت کے بعد فیصلہ لیے جانے کا تیقن پھڑنویس نے دیے جانے کی اطلاع دی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نو نِرمان سینا نے اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی پہلی فہرست کل ظاہر کی۔کلیان مضافات حلقہ سے راجو پاٹل اور ٹھانہ سے اویناش جادھو کو امیدواری دی گئی ہے۔منسے صدر راج ٹھاکرے نے ڈومبیولی میں راجو پاٹل کے تشہیری دفتر کے افتتاح کے بعد یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

ریاست میں نو قیام شدہ ’’ پریوَرتن مہاشکتی ‘‘اِس تیسرے محاذ نے 10/ امیدواروں کی پہلی فہرست کل جاری کی۔اِن 10/میں سے 8/نشستیں پرہار جن شکتی پارٹی کو ، 2/راجو شیٹی کے سوابھیمانی شیتکری سنگھٹنا کو دی گئی ہے۔راجو شیٹی نے کل پونا میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اِس صحافتی کانفرنس میں مہاراشٹر سوراجیہ پارٹی کے صدر چھترپتی سنبھاجی راجے اور پرہار جن شکتی کے صدر بچو کڑو موجود تھے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

بھارت جوڑو مہم کے کونو ینز یوگیندر یادو نے کل اکولہ میں ہوئے اجلاس میں ونچت بہوجن آگھاڑی کے کارکنان نے ہنگامہ کیا۔

مہاراشٹر ڈیموکریٹک فورم کی جانب سے منعقدہ اِس اجلاس میں یوگیندر یادو کی تقریر شروع ہوتے ہی ونچت بہوجن آگھاڑی کے کارکنان نے کچھ مسائل پیش کیے جس پر بڑا ہنگامہ ہوگیا۔

دریں اثناء ہاتھا پائی ہونے پر پولس نے ونچت کے کچھ کارکنان کو حراست میں لینے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ پانی پریشد کی جانب سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ الیکشن لڑنے والی تمام سیاسی پارٹیاں اپنے منشور میں تحریری وعدہ کریں کہ مراٹھواڑہ کو خشک سالی سے پاک کیا جائے گا۔ اپنی پریس ریلیز میں مراٹھواڑہ پانی پریشد نے یہ توقع بھی ظاہر کی ہے کہ مراٹھواڑہ کی آبپاشی کی صلاحیت کو 50 ؍فیصد تک بڑھانے کے لیے مربوط واٹر پالیسی اسکیم کے تحت تمام اختیارات پر غور کرتے ہوئے ایک وقتی پروگرام کو نافذ کیا جانا چاہیے۔

***** ***** *****

سامعین اسمبلی انتخابات کے موقع پر پروگرام آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا چا'' روزآنہ شام 7؍بج کر 10؍منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ اِس پروگرام میں آج ٹھانے ضلعے کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

قومی پانی ایوارڈ آج نئی دِلّی میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں دیا جائے گا۔ مرکزی جل شکتی وزارت نے 9؍زمروں میں 38؍فاتحین کا اعلان کیا ہے۔ جن میں بہترین ریاست، ضلع، گرام پنچایت، شہری مقامی خودمختار حکومت واٹر یوٹی لائزیشن گروپ اور بہترین شہری، سوسائٹی شامل ہیں۔ یہ اِس ایوارڈ کا پانچواں سال ہے۔

***** ***** *****

گڑھ چِرولی ضلع کے بھامراگڑھ تعلقہ میں پولس کے ساتھ تصادم میں 5 / نکسلی مارے گئے ہیں۔ اِس تصادم میں ایک پولس اہلکار زخمی ہوا ہے اور اِس کا علاج جاری ہے۔ اسمبلی انتخابات کے درمیان قاتلانہ حملہ کرنے کے لیے کوپرشی کے جنگلوں میں آنے کی اطلاع ملی تھی اُس کے مطابق اِس علاقہ میں C-60 / دستہ کے 22 / جبکہ سینٹرل ریزروفورس دستہ کے 2 / ٹکڑیوں نے نکسل مخالف کارروائی انجام دی۔ اِس تصادم میں 5 / نکسلی ہلاک ہوئے اور اُن کی شناخت کا عمل جاری ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے سوئے گاؤں تعلقہ میں کل 2 / مختلف حادثات میں 2 / افراد کے اوپر بجلی گرنے سے وہ ہلاک ہوگئے۔ جنگلی کوٹہ کے اجی ناتھ نتھو راٹھوڑ اور ہنومنت کھیڑا کی اشوینی مچھندر ہلاک ہونے والوں میں شامل ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری ، بسمت اور اونڈھا تعلقہ جات سمیت ناندیڑ ضلع کے حدگاؤں تحصیل میں آج صبح 6 / بج کر 52 / منٹ پر زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما پر اِن جھٹکوں کی شدت 3 / اعشاریہ 8 / ریختر اسکیل درج ہوئی۔ ہمارے نمائندے نے ضلع ڈیزاسٹر مینجمنٹ شعبے کے افسر کنچے کے حوالے سے خبر دی ہے کہ اِس زلزلے کا مرکز ناندیڑ تھا تاہم اِس کے اثرات ہنگولی ضلع میں محسوس کیے گئے۔ ناندیڑ شہر اور علاقے کے کئی ایک گاؤں میں اِس زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے گھروں کی ٹین کی چھتوں سے پتھر نکالنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں اسمبلی انتخابات کے انتخابی ضابطہ اخلاق کے نافذ ہونے کے بعد سے سی وِجول ایپ پر تقریباً 776 / شکایتیں موصول ہوئی ہیں جن میں 773 / شکایتوں کا ازالہ الیکشن کمیشن کی جانب سے کیا جا چکا ہے۔ ریاستی ایڈیشنل چیف الیکشن افسر ڈاکٹر کرن کلکرنی نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے اساتذہ و معلمین سے ووٹر بیداری مہم میں سرگرم کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔ بیداری رائے دہندگان کے لیے سویپ تصور کے تحت وہ کل اساتذہ کے ایک اجلاس میں خطاب کر رہے تھے۔ اِسی طرح کلکٹر دلیپ سوامی نے کل ایم آئی ٹی میں منعقدہ طلبہ کے ایک اجلاس سے بھی خطاب کیا اور انھیں رائے دہی کرنے کی ترغیب دی۔ اِس موقع پر ووٹر بیداری پر مبنی گیت پیش کر کے حاضرین کو ووٹ کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔

دریں اثناء انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاد کے پیش نظر چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلعے میں ہر مہینے منعقد ہونے والا علاقائی لوک شاہی دن منسوخ کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین کھیلیا جارہی 3 ٹیسٹ کرکٹ میچیز کی سیریز کا دوسرا مقابلہ آئندہ جمعرات سے پونا میں کھیلا جائے گا۔ بنگلورو میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں نیوزی لینڈ نے جیت حاصل کر کے سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کی ہے۔ سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ مقابلہ ممبئی میں یکم نومبر سے کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

- ☆ اسمبلی انتخابات کا نوٹِفکیشن آج جاری ہوگا ' ریاست بھر میں پرچہ نامزدگی ادخال کا آج سے آغاز ' مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی نشستوں کی تقسیم ہنوز غیرواضح
- ☆ پریورتن مہاشکتی ' منسے اور وِنچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے مرحلہ وار امیدواروں کا اعلان
- ☆ '' بھارت جوڑو ابھیان'' کے کنو ینیز یوگیندر یادو کے اکولہ میں منعقدہ پروگرام میں ہنگامہ آرائی
- ☆ سیاسی پارٹیوں سے'' قحط سے پاک مراٹھواڑہ '' کا تحریری تیقین دینے کا مراٹھواڑہ پانی پریشد کا مطالبہ

اور

- ☆ بھامراگڑھ تعلقہ میں پولس کے ساتھ ہوئی مدبھیڑ میں5 رنکسلائٹس ہلاک

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھا جی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆